بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

اداریہ!

زیر نظر شمارہ مجلّہ الثقافہ الاسلامیۃ کا پچیسواں شمارہ ہے......جس کے تمام مقالات ومضامین تحقیق کے بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تحریر کئے گئے ہیں......مجلّہ کی پالیسی کے مطابق ان مقالات پر نظر ثانی مجلّہ کی پیئر ریویو کمیٹی Peer review committee کے ان فاضل اراکین نے کی ہے جن کا تعلق اس سینٹر سے نہیں بلکہ ملک اور بیرون ملک کی جامعات وعلمی مراکز سے ہے......مقالات کا معیار بہتر بنانے کے لئے جہاں جہاں ضرورت محسوس کی گئی مقالہ نگاروں کو ضروری اصلاحات کے لئے مقالات واپس ارسال کئے گئے اور ترامیم واضافات یا اصلاح کے بعد دوبارہ ریویو کے لئے بھجوائے گئے اس عمل سے گزرنے کے لئے کچھ اضافی وقت بھی صرف ہوا' چنانچہ بعض مقالات سال اور چھ ماہ سے آئے ہوئے تھے مگر اب اشاعت کے مرحلہ سے گزر رہے ہیں......اس ضروری عمل کی تکمیل میں صرف ہونے والے وقت سے بسا اوقات ہمارے معزز مقالہ نگاران کے صبر کا پیمانہ لبریز ہونے لگتا ہے' لیکن یہ نہ صرف مجلّہ کی پالیسی بلکہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے کوالٹی انہانس سیل کی requirement بھی ہے......لہٰذا اس غیر معمولی تاخیر پر ہم معذرت خواہ ہیں......اسی طرح جن مقالہ نگاران کے مقالات اس شمارے میں شامل نہیں ہوسکے ان سے معذرت کہ ریویو کمیٹی نے ان کی اشاعت کی سفارش نہیں کی......

ہماری یہ کوشش رہے گی کہ ہم کوالٹی کے حوالہ سے ایچ ای سی کے قائم کردہ معیار کو ہر صورت برقرار رکھتے ہوئے اپنا سفر جاری رکھیں اور بہتر تحقیقی مواد پیش کرتے رہیں......مقالہ نگاران سے التماس ہے کہ وہ اپنے مقالہ کی ہارڈ کاپی کے ساتھ ساتھ اس کی سافٹ کاپی اور ایک ڈیڑھ صفحہ پر مشتمل مقالہ کا خلاصہ Abstract انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ ضرور ارسال فرمائیں......

ہم جناب شیخ الجامعہ (جامعہ کراچی) کے ممنون ہیں کہ اس تحقیقی مجلّہ کی اشاعت میں ان کی ذاتی دلچسپی کے باعث اس کی طباعت واشاعت کے تمام مراحل بحسن وخوبی انجام پاتے ہیں......

نور احمد شاہتاز

مدیر مرکز الشیخ زاید الاسلامی

ومجلس ادارت مجلّہ الثقافہ الاسلامیہ